| Roll No. of the Student | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

Serial No. Of the Answer Book: ________

Paper Code ① ② ●

اُردو لازمی پارٹ--II

وقت: 20منٹ    نمبر: 20

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیے گئے طریقے سے اسی شیٹ میں اور ساتھ ہی OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہو گا۔

## حصہ الف

I. i. وہ الفاظ جو تحریر میں یکساں لیکن اعراب میں فرق ہو--------کہلاتے ہیں۔

Ⓐ صفت الاعداد Ⓑ تجنیس حرف Ⓒ مجاز مرسل Ⓓ تجنیس تام

ii. "عارض ولب" قواعد کی رو سے--------ہے۔

Ⓐ مرکب توصیفی Ⓑ مرکب اضافی Ⓒ مرکب عطفی Ⓓ مرکب عددی

iii. 2004ء میں--------نے ملنے والا اعزاز ہلال امتیاز واپس کیا تھا۔

Ⓐ جون ایلیا Ⓑ شہزاد احمد Ⓒ احمد فراز Ⓓ ظفر اقبال

iv. ظفر اقبال کی شاعری کا سفر--------سے زیادہ ہے۔

Ⓐ ایک سال Ⓑ نصف صدی Ⓒ ایک صدی Ⓓ دو صدی

v. شہزاد احمد نے--------کا امتحان امر تسر سے پاس کیا۔

Ⓐ میٹرک Ⓑ بی اے Ⓒ ایم اے Ⓓ ایم کام

vi. جس نظم کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں--------کہلاتی ہے۔

Ⓐ مخمس Ⓑ مسدس Ⓒ مثمن Ⓓ رباعی

vii. نظم "شکست کی آواز"--------کی تحریر کردہ ہے۔

Ⓐ مجید امجد Ⓑ جوش ملیح آبادی Ⓒ ن۔م۔راشد Ⓓ میرا جی

viii. "میرا جی" کا اصل نام--------تھا۔

Ⓐ شوکت عزیز Ⓑ جمال الدین Ⓒ محمد ثناء اللہ ڈار Ⓓ نور محمد

ix. مرید پور کا پیر--------کا مزاحیہ مضمون ہے۔

Ⓐ ابن انشاء Ⓑ پطرس بخاری Ⓒ مشتاق یوسفی Ⓓ فرحت اللہ بیگ

x. پطرس بخاری کا اصل نام--------تھا۔

Ⓐ سید احمد شاہ بخاری Ⓑ سید شاہ احمد بخاری Ⓒ سید محمود شاہ بخاری Ⓓ سید شاہ محمود بخاری

xi. مجنوں جو مر گیا تو--------اداس ہے۔ مصرع مکمل کریں۔

Ⓐ جنگل Ⓑ صحرا Ⓒ گاؤں Ⓓ شہر

xii. منظور صبح--------بجے مر گیا۔

Ⓐ تین Ⓑ ساڑھے چار Ⓒ ساڑھے پانچ Ⓓ ساڑھے چھ

Result.pk

xiii. منظور کی ذات اس کی نظروں میں۔۔۔۔۔۔۔ کا رتبہ رکھتی تھی۔

(A) مسیحا (B) ڈاکٹر (C) طبیب (D) حکیم

xiv. مصنف نے روڈ رولر پر۔۔۔۔۔۔۔ گھنٹے سفر کیا۔

(A) پانچ گھنٹے (B) تین گھنٹے (C) دو گھنٹے (D) چار گھنٹے

xv. کوئی سمجھا نہ سمجھا مگر سب واہ واہ اور سبحان اللہ کرتے رہ گئے۔ یہ جملہ۔۔۔۔۔۔۔ کے بارے میں کہا گیا ہے۔

(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) جوش ملیح آبادی (D) مومن خان مومن

xvi. اُردو کی پہلی اور تاریخی اور تنقیدی کتاب۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) آب حیات (B) مقدمہ شعر و شاعری (C) نیرنگ خیال (D) دربار اکبری

xvii. مولانا صلاح الدین احمد کو۔۔۔۔۔۔۔ کا بابائے اُردو بھی کہا جاتا ہے۔

(A) سرحد (B) سندھ (C) بلوچستان (D) پنجاب

xviii. خواجہ حسن نظامی۔۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔

(A) کراچی (B) لکھنؤ (C) دہلی (D) لاہور

Result.pk

xix. سقراط نوجوانان۔۔۔۔۔۔۔ کے اخلاق خراب کرتا ہے۔

(A) وینس (B) ایتھنز (C) پیرس (D) یونان

xx. مولانا شبلی نعمانی کا سب سے بڑا کارنامہ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) سیرت النعمان (B) المامون (C) سیرت النبیؐ (D) الفاروق

121901

اردو لازمی پارٹ-II

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

## حصہ ب

نمبر 50

II- مندرجہ ذیل میں سے کسی 10 اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. سقراط کی تعلیمات کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں؟

ii. اعراب لگائیں۔ (جمادات۔ پیروی۔ رشک وحسد۔ استقلال۔ ذلّت)

iii. معاون کی تعریف کریں۔ اور کوئی سے دو مثالوں میں اس کو واضح کریں۔

iv. مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (تعلیم نسواں۔ نقوش۔ موضوع۔ موسیقیت۔ فنون)

v. عبداللہ کی موت کہاں واقع ہوئی؟

vi. ماسٹر صاحب کا کیا انجام ہوا؟

vii. لارڈ مئونٹ بیٹن کون تھے۔

viii. مولوی صاحب سے اصطلاحات وضع کرنے کیلئے کن اُصولوں کا سہارا لیا۔؟

ix. میں اِس فکر میں ہوں کہ کالج کے نوجوانوں کو بھی پردے میں بٹھایا جائے؟ علامہ اقبال نے یہ جملہ کیوں کہا۔؟

x. شاعروں کے بارے میں مصنف کے کیا جذبات تھے؟

xi. تقریر کے دوران لیڈر کا کیا حشر ہوا؟

xii. خان صاحب نے وٹہ سٹہ کا کیا مفہوم بتایا؟

xiii. نظم "جوابِ شکوہ" کا خلاصہ لکھیں؟

## حصہ "ج"

نمبر 30

III. متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 8

(الف) بعض منچلے تانگے، سائیکل اور چھاتے سے بے نیاز، ٹوپی ہاتھ میں، کوٹ کاندھے پر، گریبان کھلا ہوا جسے بٹن ٹوٹ جانے پر انہوں نے سیفٹی پن سے بند کرنے کی کوشش کی تھی۔ اور جس کے نیچے سے چھاتی کے گھنے بال پسینے میں تر بتر نظر آتے تھے۔ نئے رنگروٹ سستے سلے سلائے ڈھیلے ڈھالے بدقطع سوٹ پہنے، اس گرمی کے عالم میں واسکٹ اور نکٹائی کالر تک سے لیس، کوٹ کی بالائی جیب میں دو دو تین تین فونٹین پن اور پنسلیں لگائے خراماں خراماں چلے آرہے تھے۔

(ب) اب وہ تمام دن کوٹھڑی میں پڑا کھانستا رہا۔ بات بات پر بیوی سے لڑ پڑتا۔ اس کا رنگ اور سیاہ ہو گیا تھا۔ داڑھی بڑھ کر بے ترتیب ہو گئی تھی۔ آنکھوں سے ہر وقت وحشت برسا کرتی۔ اس کا چہرہ روز بروز خوفناک ہوتا جا رہا تھا۔ ملنے جلنے والے جو از راہ ہمدردی کبھی کبھار اس کے پاس آ کر گھڑی دو گھڑی بیٹھ جاتے تھے۔۔ اب وہ بھی اس سے کترانے لگے تھے۔

IV. شاعر اور صنف کا حوالہ دیکر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 8

(الف) ہاتھ بے زور ہیں، الحاد سے دِل خوگر ہیں
اُمتی باعث رسوائی پیغمبرؐ ہیں
بت شکن اُٹھ گئے، باقی جو رہے بت گر ہیں
تھا براہیمؑ پدر اور پسر آزر ہیں

(ب) مجھے روکے گا تو اے ناخدا کیا غرق ہونے سے
کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں
جلا سکتی ہے شمع کشتہ کو موج نفس اُن کی
الٰہی کیا چھپا ہوتا ہے اہل دل کے سینوں میں

V. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ 14

(i) فرشتے سے بہتر ہے انسان بننا

(ii) قومی تعمیر اور طلباء کی ذمہ داریاں

(iii) پاکستان میں بے روزگاری کا مسئلہ

Result.pk